- **الفاظ طلاق کے اصول** تالیف: مفتی شعیب عالم

ضخامت: ۱۷۶ صفحات ناشر: مکتبہ السنان کراچی 03333136744

زیرتبصرہ کتاب میں الفاظ طلاق کے اصول اور ان اصول کی تفہیم وتشریح کے متعلق تمام مباحث موجود ہیں۔مفتی شعیب عالم صاحب ماہنامہ ''البینات'' کراچی میں لکھتے رہتے ہیں اور یہ مجموعہ بھی انہی مضامین کا گلدستہ ہے جو انہوں نے ''البینات'' میں گیارہ اقساط میں شائع کروایا تھا۔مفتی صاحب نے اس ادق اور مشکل موضوع پر قلم اٹھاتے ہوئے بڑی محنت اور عرقریزی سے کام لیا اور اس اہم موضوع کو متعلقہ اصولوں کی روشنی میں اہل علم کے غور وفکر کیلئے منقح ومرتب کرنا مصنف کی قابل صد تحسین کوشش ہے، تحقیق کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے موضوع کا حق ادا کیا اور یہ اپنے موضوع پر منفرد علمی، فقہی وتحقیقی کاوش ہے۔

- **قل ھو اللہ احد** تالیف: رشید اللہ یعقوب

ضخامت: ۲۸۰ صفحات ناشر: رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر کراچی

جناب رشید اللہ یعقوب صاحب ایک پڑھے لکھے باذوق محقق ہیں، ان کا موضوع ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اللہ کے لفظ سے پکارا جائے، اللہ ہی لکھا جائے، اللہ ہی پڑھا جائے، اس میں ثواب بھی ہے اور اجر بھی ہے اور اللہ پسندیدہ نام بھی ہے، ان کا یہ بھی کہنا کہ اللہ کو خدا، گاڈ یا دیگر زبانوں کے جو نام اللہ تعالیٰ کیلئے مستعمل ہیں اس کو اللہ تعالیٰ کے لئے استعمال نہ کیا جائے۔اس موضوع پر وہ عرصہ دراز سے کام کر رہے اور کئی کتابیں لکھ چکے ہیں'' اللہ رب العالمین خدایا گوڈ۔'' اللہ وحدہ لاشریک لہ اور خدا ''اطیعو اللّٰہ و اطیعو الرسول'' ''الحمد للّٰہ رب العالمین'' یہ جملہ کتابیں انہوں نے اس موضوع کے تمام پہلوؤں پر لکھیں اور خوب تحقیق کر کے اپنا مدعا ثابت کیا ہے۔اسی سلسلہ کے ایک کڑی زیر تبصرہ کتاب قل ھو اللہ احد بھی ہے جو اپنے موضوع پر لائق مطالعہ کتاب ہے، جسمیں ہر بات مدلل انداز سے پیش کی گئی ہے، اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے ایک انمول تحفہ سے کم نہیں، طباعت اور ترتیب بھی اعلیٰ اور مصنف کے حسن ذوق کا آئینہ دار ہے۔

- **لا الہ الا اللہ** تالیف: رشید اللہ یعقوب

ضخامت: ۳۵۲ صفحات ناشر: رحمۃ لعالمین ریسرچ سینٹر کراچی

محترم جناب رشید اللہ یعقوب صاحب اپنے موضوع پر کافی دسترس اور مہارت کے ساتھ ساتھ تحقیق کا اعلیٰ ذوق بھی رکھتے ہیں۔لفظ اللہ پر انہوں نے بہت سی کتابیں لکھی، اس موضوع کے علاوہ بھی ان کی کتابیں اہل علم سے داد تحسین وصول کر چکے ہیں ۔ زیر تبصرہ کتاب لا الہ الا اللّٰہ بھی اپنے موضوع لفظ ''اللہ'' کے ثبوت کے لئے انہوں نے لکھی ہے۔اس میں بھی انہوں نے اپنا موقف پیش کرنے کی کوشش کی ہے اور ہر بات مدلل انداز اور عام فہم اسلوب میں بیان کیا ہے۔ یقیناً مؤلف کی یہ کتاب ایک قیمتی سوغات اور انمول تحفہ سے کم نہیں۔اللہ مؤلف کو مزید علمی خدمات سے نوازے۔